© rasailojaraid.com



# ذکر شرف القرآن

## امام محمد بن سعید بوصیری

دَعْنِی وَوَصَفی ایات له ظهرت ظُهُوْرَ نَارِ الْقِرٰی لَیْلاً علیٰ علم

ترجمہ:۔ مجھے (اب) آنحضرت ﷺ کے معجزوں کو بیان کرنے دو جو ایسے ہی نمایاں اور مشہور ہیں جیسی کہ ضیافت کی آگ جو رات کو پہاڑ پر جلائی جاتی ہے۔

فَالدُّرُّ یَزْدَادُ حُسْناً وَّهُوَ مُنْتَظِمٌ وَلَیْسَ یَنْقُصُ قَدْرًا غَیْرُ مُنْتَظِمِ

ترجمہ:۔ جب موتی کو ایک لڑی میں پرو دیا جائے تو اس کا حسن بڑھ جاتا ہے لیکن اگر موتیاں ایک لڑی میں پروئی نہ بھی جائیں تو بھی ان کی قدر و قیمت میں کوئی کمی نہیں آتی۔

فما تطاول اٰمال المدیح الیٰ مافیه من کرم الاخلاق والشیم

ترجمہ:۔ آنحضرت ﷺ کے مداحوں کی آرزوئیں آپ ﷺ کے خلق کسبی اور ذاتی کی خوبیوں تک نہیں پہنچ سکیں۔ یعنی آپ ﷺ کے اخلاق کریمانہ کا احاطہ مدح سراؤں کے متخیلہ کے بس میں نہیں ہے اسی لیے شاعر نے آپ ﷺ کی مدح کو معجزات کے ذکر تک محدود رکھا ہے۔

ایات حق من الرحمن محدثة قدیمة صفة الموصوف بالقدم

اللہ تعالیٰ کی یہ سچی نشانیاں یعنی آیات قرآنی نزول کے اعتبار سے یا الفاظ کے لحاظ سے حادث و فانی اور معانی کے لحاظ سے ایسی ہی قدیم و لا فانی ہیں جیسی کہ ذات باری تعالیٰ قدیم ہے۔

لم تقترن بزمانٍ وهی تخبرنا عن المعاد وعن عاد وعن ارم

ترجمہ:۔ قرآن کے معانی قدیم ہیں اس لیے اس کی آیات کسی زمانہ سے وابستہ نہیں ہیں۔ اور یہ ہمیں امور آخرت و عاد کے مقام سکونت و باغات کی خبر دیتی ہیں۔

دامت لدینا ففاقت کل معجزة من النبیین اذا جاء ت ولم تدم

ترجمہ:۔ آیات قرآنی کو دوام نصیب ہوا اس لیے وہ تمام انبیاء کے معجزوں پر فوقیت لے گئیں کیونکہ ان کے معجزے آئے ظاہر ہوئے مگر انھیں دوام نہ ملا۔ یعنی دیگر انبیاء کے معجزے وقتی تھے کہ ظاہر ہوئے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور ختم ہو گئے مگر حضرت محمد مصطفٰے ﷺ کا معجزہ جو آیاتِ قرآنی ہے ان پر اس لیے فوقیت لے گیا کہ اسے دوام نصیب ہوا اور وہ ہمیشہ باقی رہے گا۔

محکمات فما یبقین من شبہٍ لذی شقاق و لا یبغین من حکم

یہ آیات قرآنی واضح، ناقابل تنسیخ اور احکام سے متعلق ہیں، اس لیے مخالف کے لیے یہ کسی شک وشبہ کو باقی نہیں رکھتیں اور نہ ہی یہ کسی حاکم و فیصلہ کنندہ کی محتاج ہیں۔

ما حوربت قط الا عاد من حربٍ اعدی الاعادی الیہا ملقی السلم

ترجمہ:۔ ان آیات قرآنی سے جب کبھی بھی معارضہ کیا گیا تو ان کا بدترین دشمن بھی جنگ سے کنارہ کش ہو کر ان کی طرف مطیع نہ لوٹ آیا۔ یعنی قرآن کے مخالفین کو اپنے عجز کا اقرار کرنا پڑا۔

ردت بلاغتہا دعوی معارضہا رد الغیور ید الجان عن الحرم

ترجمہ:۔ آیاتِ قرآنی کی بلاغت نے ان کے مخالفوں کے دعووں کو یوں رد کر دیا جیسے کوئی غیرت مند آدمی بدکار شخص کے ہاتھوں کو اپنے اہل خانہ سے دور کر دیتا ہے۔

لہا معان کموج البحر فی مددٍ وفوق جوہرہٖ فی الحسن و القیم

ترجمہ:۔ آیات قرآنی کے مفاہیم اپنی وسعت اور پھیلاؤ میں سمندر کی موجوں کے مانند ہیں اور حسن و قیمت میں یہ مفاہیم سمندر کے موتی سے اعلیٰ وارفع ہیں۔

فما تعد و لا تحصی عجائبہا و لا تسام علی الاکثار بالسام

ترجمہ:۔ قرآن کے عجائب نہ تو شمار کیے جاسکتے ہیں، نہ ان کا احاطہ کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی انھیں کثرت کے باوجود ملال و رنج کے ساتھ خریدا جاتا ہے یعنی باوجود کثرت عجائب یا باوصف کثرت تلاوت قرآن کے قاری کو اس سے رنج و ملال نہیں پہنچتا بلکہ اس کی تلاوت سے غور و فکر کی رغبت ہوتی ہے۔

قرت بہا عین قاریہا فقلت لہ لقدظفرت بحبل اللہ فاعتصم

ترجمہ:۔ قرآن پڑھنے والے کی آنکھوں کو نور اور دل کو سرور ملتا ہے۔ تو میں نے اس سے کہا کہ (اے قاری) تو نے اللہ تعالیٰ کی رسی کو پالیا ہے، اسے مضبوطی سے پکڑے رہ (یعنی قرآن کی تلاوت جاری رکھ کہ یہی ذریعہ نجات اخروی ہے)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان تتلها خیفة من حر نار لظی اطفات هر لظی من وردها الشبم

ترجمہ:۔ اگر تم نار جہنم کے خوف سے قرآن کی تلاوت کرو گے تو قرآن کے ٹھنڈے پانی سے اسے بجھادو گے اس کے خنک اثر و وظیفہ سے تم نار جہنم کو بجھادو گے تلاوتِ قرآن سے آتشِ دوزخ کا کھٹکا جاتا رہتا ہے۔

کانها الحوض تبیض الوجوه به من العصاة وقد جآءوہُ کالحمم

ترجمہ:۔ گویا یہ آیات قرآنی حوض کوثر ہے جس کے پانی سے گناہ گاروں کے کالے چہرے اجلے سفید ہو جاتے ہیں، یعنی جس طرح حوضِ کوثر کے پانی سے آتشِ دوزخ سے جلے چہرے دھل کر سفید ہو جاتے ہیں اسی طرح تلاوت قرآن سے گناہ دھل جاتے ہیں۔

وکالصراط وکالمیزان معدلة فالقسط من غیر ها فی الناس لم یقم

ترجمہ:۔ یہ آیات قرآنی عدل وانصاف میں صراط اور میزان کے مانند ہیں اور ان کے سوا لوگوں میں عدل وانصاف قائم نہ ہوا یعنی جس طرح قیامت کے دن پل صراط سچے اور جھوٹے کا فیصلہ کردے گا اور میزان عدل نیک و بد کا تصفیہ کردیگی اسی طرح قرآن حق و باطل اور خیر و شر کا فیصلہ کرتی ہے اور اس کے بغیر قیام عدل ممکن ہی نہیں۔

لا تعجبن لحسود راح ینکرها تجاهلاوهو عین الحاذق الفهم

ترجمہ:۔ اگر کوئی حاسد بڑا ماہر اور سمجھدار ہونے کے باوجود جان بوجھ کر جاہل بن جائے اور قرآن کی برکات و فضائل کا انکار کرنے لگے تو تمہیں تعجب نہ ہونا چاہیے۔

قد تنکر العین ضوء الشمس من رمدٍ وینکر الفم طعم الماء من سقم

ترجمہ:۔ کیونکہ کبھی کبھی آشوب چشم کی وجہ سے آنکھ سورج کی روشنی کا انکار کردیتی ہے اور منہ مرض کے باعث پانی کے مزے کو پسند نہیں کرتا اور اسے تلخ سمجھتا ہے یعنی جس طرح جسمانی امراض کے مریض عام منفعت بخش اشیاء کو بھی برا سمجھتے ہیں اسی طرح وہ لوگ جو بظاہر صاحب فہم و عقل خیال کیے جاتے ہیں روحانی بیماری کے باعث قرآن جیسی کتاب کے محاسن و فضائل کے منکر ہو جاتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# تیسری صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس اکتوبر ۲۰۰۸ء

## بعنوان

## استحکام پاکستان کی بنیادیں سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں

جس میں پورے سندھ سے پروفیسرز، ڈاکٹرز، علماء کرام اور ریسرچ اسکالرز اردو، عربی، انگریزی، اور سندھی میں درج ذیل موضوعات پر اپنے تحقیقی مقالات پیش فرمائیں گے اساتذہ (مرد وخواتین) سے شرکت کی درخواست ہے۔

- دوقومی نظریہ کی ضرورت واھمیت سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں۔
- ملکی دفاع اور دفاعی قوت کی اہمیت سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں۔
- مظلوموں کی حمایت ونصرت کا حکم سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں۔
- سیاست وامور خارجہ کے رہنما اصول سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں۔
- نظام عدل وعدلیہ کی آزادی سیرت طیبہ ﷺ کے تناظر میں۔
- انسانی مساوات سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں۔
- قتل وغارت گری کی ممانعت اسوہ حسنہ کی روشنی میں۔
- انسانی حقوق کی اہمیت میثاق مدینہ اور خطبہ حجتہ الوداع کے تناظر میں
- معاشی استحکام کے لئے صنعتوں کا قیام اور تجارت کا فروغ اسوہ حسنہ کی روشنی میں۔
- مذہبی، لسانی وسیاسی رواداری سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں۔

چیف آرگنائزر

پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

زیر اہتمام

انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی سندھ (رجسٹرڈ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


# سیمینار

## بعنوان

# علامہ سید سلیمان ندویؒ

## حیات و خدمات

(برصغیر کی جدوجہد آزادی اور قیام و استحکام پاکستان کے تناظر میں)

## مہمان خصوصی

## پروفیسر ڈاکٹر سید سلمان ندوی صاحب

ابن علامہ سید سلیمان ندویؒ

محققین سے درخواست ہے علامہ کی شخصیت کے کسی بھی پہلو پر مقالہ

تحریر کر کے ۳۰۔ اکتوبر ۲۰۰۸ء تک جمع کرادیں

نومبر کے آغاز میں انشاء اللہ سیمینار کا انعقاد ہوگا

## چیف آرگنائزر

پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

## زیر اہتمام و اشتراک

انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی سندھ

اور اسلامیہ گورنمنٹ ڈگری کالج

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# سیمینار

## بعنوان

# مولانا محمد علی جوہرؒ

## حیات و خدمات

ممکنہ تاریخ ۴ جنوری ۲۰۰۸ء بمناسبت تاریخ وفات

دلچسپی رکھنے والے محققین کو مولانا محمد علی جوہر کی شخصیت کے کسی بھی پہلو پر

۱۵ دسمبر ۲۰۰۸ء تک مقالہ تحریر کرنے کی دعوت دی جا رہی ہے شرکت کے

خواہش مندوں کو جلد تفصیلات سے آگاہ کیا جائے گا۔

علوم اسلامیہ انٹرنیشنل کا سیرت النبی ﷺ نمبر جنوری

۲۰۰۹ء میں انشاء اللہ شایع ہوگا دلچسپی رکھنے والے خواتین

وحضرات سے درخواست ہے اپنے مضامین ۳۰ نومبر ۲۰۰۸

تک جمع کرادیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلام اور نظریہ پاکستان کا محافظ، ملک و ملت کا ترجمان

ششماہی انٹرنیشنل

# علوم اسلامیہ

اُردو، عربی، سندھی، انگریزی

رجب تا ذی الحج ۱۴۲۹ھ مطابق اگست ۲۰۰۸ء تا دسمبر ۲۰۰۸ء

جلد نمبر: ۴ | شمارہ نمبر: ۸

رجسٹریشن نمبر ۱۳۵۔ ۲۰۰۵ء -ISSN1994-2397

سرپرست: مفتی محمد نعیم صاحب مدظلہ العالی

چیف ایڈیٹر: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

ایڈیٹر: مولانا ڈاکٹر شبیر احمد صاحب (آسٹریلیا)

## مجلس مشاورت

☆ پروفیسر ڈاکٹر سید سلمان ندوی صاحب، کے۔ زیڈ۔ یو، ساؤتھ افریقہ

☆ پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی صاحب، سابق چانسلر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، پاکستان

☆ پروفیسر ڈاکٹر خالد علوی صاحب، سابق خطیب فیصل مسجد ڈائریکٹر جنرل دعوۃ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی

☆ ڈاکٹر مولانا عبدالرزاق اسکندر صاحب، چانسلر جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی، سندھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


☆مفتی شمس العارفین صاحب امام وخطیب۔ امریکہ

☆ڈاکٹر مفتی عبید اللہ صاحب، جامعہ دار العلوم زاھدان۔ ایران

☆پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز صاحب، ڈین آرٹس فیکلٹی پشاور یونیورسٹی

☆پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی صاحب، سابق ڈین آرٹس فیکلٹی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

☆بریگیڈیئر ڈاکٹر فیوض الرحمٰن صاحب، سابق ڈائریکٹر ڈیلی جو انٹر ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کراچی، سندھ

☆مولانا ڈاکٹر محمد اسعد تھانوی صاحب، مہتمم جامعہ اشرفیہ سکھر سندھ

☆پروفیسر ڈاکٹر احمد اقبال صاحب، سابق چیئرمین اسلامک کلچر سندھ یونیورسٹی جامشورو، سندھ

☆پروفیسر ڈاکٹر محمود الحسن عارف صاحب، چیئرمین اردو دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور، پنجاب

☆پروفیسر مولانا محمود حسین صدیقی صاحب، چیئرمین سیرت چیئر جامعہ کراچی، سندھ

☆پروفیسر ڈاکٹر احمد جان صاحب، چیئرمین شعبہ اصول الدین بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

☆پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر صاحب، سابق ناظم تعلیمات ادارہ نصابیات بلوچستان

مشیر قانونی امور: سمیع الدین ایڈوکیٹ ہائی کورٹ

## مجلس ادارت، اردو

| | |
|---|---|
| پروفیسر ڈاکٹر وسیم الدین صاحب | پروفیسر ڈاکٹر فرحت عظیم صاحبہ |
| پروفیسر عبدالحفیظ صاحب | پروفیسر نسرین وسیم صاحبہ |
| پروفیسر سید شعیب اختر صاحب | پروفیسر ریحانہ تبسم فاضلی صاحبہ |
| پروفیسر محمد مشتاق کلوٹا صاحب | پروفیسر ثریا قمر صاحبہ |
| ڈاکٹر مسز بشریٰ بیگ صاحبہ | پروفیسر جمیلہ خانم صاحبہ |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## مجلس ادارت، عربی

پروفیسر ڈاکٹر نیاز محمد صاحب — پروفیسر ڈاکٹر مولانا اکرام الحق الازہری صاحب
پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد ثانی صاحب — پروفیسر ڈاکٹر قاری بدرالدین صاحب
پروفیسر مفتی محمد عمار خان صاحب — پروفیسر حافظ ثناء اللہ محمود صاحب
مفتی عظمت اللہ بنوی صاحب — مولانا سعید احمد صدیقی صاحب

## مجلس ادارت، سندھی

پروفیسر ڈاکٹر ثناء اللہ بھٹو صاحب — پروفیسر ڈاکٹر محمد مخدوم روشن صدیقی صاحب
پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس آزاد صاحب — پروفیسر عبدالقادر چاچڑ المعروف جمال ناصر صاحب
پروفیسر صبغت اللہ صاحب — پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحٰق بھیو صاحب
پروفیسر شمس الدین صاحب — پروفیسر زرینہ قاضی

## مجلس ادارت، انگریزی

پروفیسر سرور حسین خان صاحب — پروفیسر اے کے شمس صاحب
محمد اقبال صاحب — پروفیسر ڈاکٹر قاضی رشید احمد صاحب
پروفیسر محمد بلال صاحب — پروفیسر ریاض الدین ربانی صاحب
فیاض احمد صاحب — غلام عباس جتھیال صاحب
پروفیسر ڈاکٹر نعیم قریشی صاحب

## بیرون ممالک نمائندگان

۱۔ برونائی دارالسلام: ڈاکٹر ساجد الرحمٰن صدیقی صاحب
۲۔ بنگلہ دیش: مولانا ڈاکٹر شبیر احمد صاحب — ۳۔ ساؤتھ افریقہ: ڈاکٹر سید سلمان ندوی صاحب
۴۔ سعودی عرب: پروفیسر نادر عالم — ۵۔ کینیڈا: مولانا محمد آصف قاسمی صاحب
۶۔ ناروے: نثار بھگت صاحب — ۷۔ امریکہ: مفتی شمس العارفین صاحب
۸۔ ایران: مولانا محمد قاسم صاحب

| ڈیزائننگ وکمپوزنگ | قیمت فی شمارہ، | رجسٹرڈ ڈاک خرچ | بیرون ممالک |
|---|---|---|---|
| | 200/روپے | پاکستان میں 25/روپے | 5یورو |

نوٹ: ادارہ کا مقالہ نگار سے اتفاق ضروری نہیں، مقالہ کے متن و حواشی کی ذمہ داری مقالہ نگار پر ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## کراچی میں مجلہ علوم اسلامیہ و دیگر کتب کے لیے رابطہ کریں

**مکتبہ الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ**
سائٹ کراچی متصل سائٹ تھانہ
فون 0300-2152992

**ادارۃ اسلامیات**
موھن روڈ چوک اردو بازار کراچی
فون: 2722401

**ادارۃ الانوار**
بالمقابل بنوری ٹاؤن مسجد گرومندر کراچی

**مرکز القرآن**
ایم اے جناح روڈ اردو بازار کراچی
فون: 2624608
موبائل: 03009256753

**ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامی**
اردو بازار، ایم اے جناح روڈ
فون: 2629157



## ناشر: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

## مکتبہ یادگار شیخ الاسلام پاکستان علامہ شبیر احمد عثمانیؒ



**خط و کتابت کے لئے رابطہ**

آفس 162 سیکٹر 8/L اورنگی ٹاؤن کراچی۔
فون 5442489/6659703، موبائل: 0300-2664793
E mail: drsalahuddinsani@yahoo.com
ویب سائٹ: www.auicks.org



ڈاکٹر صلاح الدین ثانی 162 سیکٹر 8/L اورنگی ٹاؤن کراچی پاکستان
نے خرم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر شایع کیا


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# فہرست مضامین


| | | |
|---|---|---|
| ذکر شرف القرآن | امام محمد بن سعید بوصیری | 01 |
| اداریہ | عہد حاضر اور ہم | 19 |


## گوشہ اُردو

### ۱۔ تدبر قرآن


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ قرآنی تلاوت غور وفکر سے کرنے کا حکم | جعفر شاہ پھلواری | 31 |
| ۲۔ قرآن میں غور وفکر کا حکم اور جدید حقائق کا انکشاف | تحقیق گیری ملر<br>مترجم صفوت علی قدوائی | 51 |
| ۳۔ قرآن کی اثر پذیری | مولانا زاهد الراشدی | 85 |


### ۲۔ اصول تفسیر اور قرآنی تفسیر کا ارتقاء


| | | |
|---|---|---|
| ۴۔ برصغیر میں تفسیر قرآن کا ارتقاء اور پہلی اردو تفسیر | مولانا اخلاق حسین قاسمی انڈیا | 89 |
| ۵۔ اصول تفسیر قرآن | پروفیسر حسین بانو | 95 |


### ۳۔ علوم القرآن


| | | |
|---|---|---|
| ۔ قرآن مجید کے ناموں کی خصوصیات ومفہوم | پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی | 103 |
| ۷۔ توراۃ وانجیل کے نام کی تحقیق | مولانا ڈاکٹر شبیر احمد آسٹریلیا | 117 |
| ۸۔ علوم القرآن کی مختصر تاریخ وتدوین | محمد جنید شریف اشرفی | 123 |
| ۹۔ نظم وربط قرآن کا ارتقائی جائزہ | پروفیسر ڈاکٹر احمد اقبال قاسمی | 141 |
| ۱۰۔ قرآن کریم کی سورتوں کی ترتیب | جلال الدین سیوطی | 163 |
| ۱۱۔ طباعت قرآن میں رسم عثمانی کا التزام | حافظ محمد سمیع اللہ فراز | 173 |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


## ٤۔ قصص القرآن


۱۲۔ قرآنی قصص کے مقاصد — حافظ محمد اسلم — 195

۱۳۔ قوم عاد کے آثار دریافت کرلئے گئے — ثروت جمال اصمعی — 215

۱۴۔ قرآن کریم اور اُبار (یعنی قوم عاد وارم) کے قدیم شہر کی دریافت — محمد راشد اصلاحی انڈیا — 229


## ۵۔ قرآن اور فصاحت و بلاغت


۱۵۔ قرآن اور فصاحت و بلاغت — پروفیسر ڈاکٹر نیاز محمد — 237

۱۶۔ قرآنی ادب میں مقصدیت کی تعلیم اور مغربی ادب (تقابلی مطالعہ) — پروفیسر ڈاکٹر ایچ رشید احمد قاضی و پروفیسر محمد اقبال — 241

۱۷۔ قرآن اور شعر و شاعری — سید حبیب الحق ندوی ساؤتھ افریقہ — 247

۱۸۔ بیسویں صدی کی اہم لغات القرآن کا تحقیقی مطالعہ — جمشید احمد ندوی — 259

۱۹۔ قرآن کریم میں غیر حجازی زبان کے عربی الفاظ — پروفیسر حافظ ثناء اللہ محمود — 293


## ٦۔ قرآن اور عملی زندگی


۲۰۔ قرآنی نظام مسؤلیت و احتساب — پروفیسر گل قدیم جان و ڈاکٹر اظہار الحق — 319

۲۱۔ جہاد قرآن اور بائبل کی روشنی میں — محمد یسین عابد — 333

۲۲۔ قرآن سے استفادہ میں کوتاہیاں — حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی — 345

۲۳۔ قرآنی تہذیب و ثقافت کو استوار کرنے کے اصول — پروفیسر ڈاکٹر انصار الدین مدنی — 373

۲۴۔ اخلاق حسنہ قرآن کی روشنی میں — پروفیسر ڈاکٹر عبد الغفور — 391


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ۷۔ قرآن اور سائنس


۲۵۔ جنین (بچوں) کی پیدائش قرآن اور سائنس کی روشنی میں | پروفیسر ڈاکٹر محمد داؤد اعوان | 413


## ۸۔ قرآن اور مستشرقین


۲۶۔ قرآن کے حوالہ سے مستشرقین کا طریقہ واردات | سید اطہر حسین لکھنوی | 421

۲۷۔ الفرقان الحق اکیسویں صدی کا امریکی قرآن | محمد فیروز الدین شاہ کھگہ و حافظ محمد سمیع اللہ فراز | 435


## ۹۔ قرآن اور کمپیوٹر


۲۸۔ جب قرآن کمپیوٹر میں ڈالا گیا | جان محمد جان | 455

۲۹۔ قرآنی سافٹ ویئرز کا تعارف | پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی | 460


## ۱۰۔ قرآن کی انفرادی و اجتماعی خدمات


۳۰۔ علمائے دیوبند کی قرآنی خدمات ۱۸۶۶ء تا ۱۹۸۸ء | پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی | 483

۳۱۔ برصغیر میں علمائے اہلحدیث کی قرآنی خدمات | پروفیسر عبدالحفیظ | 495

۳۲۔ علمائے اہل تشیع کے تراجم و تفاسیر قرآن | حسین عارف نقوی | 539

۳۳۔ پاکستانی یونیورسٹیز میں محققین کی قرآنی خدمات | پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد سجاد | 547

۳۴۔ ترکی جامعات میں قرآنیات پر تحقیقی مقالے (قرآن پر پی ایچ ڈی مقالات) | پروفیسر محمد اجمل اصلاحی انڈیا | 555

۳۵۔ علیگڑھ یونیورسٹی کے محققین کی قرآنی خدمات | پروفیسر محمد سعود عالم قاسمی | 559

۳۶۔ سعودی عرب کے شاہ فہد کمپلیکس کی قرآنی خدمات | پروفیسر مولانا نادر عالم سعودی عرب | 571


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




| | | |
|---|---|---|
| ۳۷۔ قرآن کریم کے جاپانی تراجم کا مختصر تعارف | محمد قاسم صفا ساوادا<br>مترجم ڈاکٹر احمد خان | 589 |
| ۳۸۔ بلوچی اور براھوی میں قرآن حکیم کے تراجم و تفاسیر | پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر کوئٹہ | 601 |
| ۳۹۔ خواتین کی قرآنی خدمات | ڈاکٹر مسز بشریٰ بیگ | 624 |
| ۴۰۔ تفسیر فی ظلال القرآن کا تحقیقی و تقابلی تجزیہ | پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی | 648 |
| ۴۱۔ اکیسویں صدی کے اہم قرآن نمبروں کا تعارف | پروفیسر محمد اقبال جاوید | 653 |


## ۱۱۔ قرآنی مخطوطات / غیر مطبوعہ مواد


| | | |
|---|---|---|
| ۴۲۔ قرآنی تراجم، تفاسیر و علوم القرآن کے مخطوطات | پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی | 672 |
| ۴۳۔ علوم القرآن پر اہل تشیع کے مخطوطات کا تعارف | پروفیسر سید محمد کمال الدین حسین همدانی انڈیا | 686 |
| ۴۴۔ سالانہ قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس | پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی | 696 |


## گوشہ تعارف و تبصرہ کتب 701-710

☆تفسیر روح القرآن (جلد اول): مفتی محمد نعیم، ☆قرآن حکیم اردو منظومات کے آئینہ میں: پروفیسر محمد جاوید اقبال، ☆جہان سیرت (کتابی سلسلہ سیرت النبی ﷺ) ستمبر اکتوبر ۲۰۰۷ء: حافظ محمد عارف گھانچی، ☆افکار سعید : ڈاکٹر محمد سعید، بیسویں صدی کے قرآن نمبر: پروفیسر محمد اقبال جاوید، ☆ہندومت اسلام اور پاکستان : ڈاکٹر عمر حیات سیال، ☆امت مسلمہ کو درپیش مسائل اور مولانا محمد علی جوہر: ڈاکٹر عمر حیات سیال، ☆چین میں اسلام کا مستقبل: ڈاکٹر عمر حیات سیال، ☆جنوری تا مارچ ۲۰۰۸ء: خبر نامہ دیس پردیس البلاغ فاؤنڈیشن کا تبصرہ: ۱۔ خلفاء راشدین کی بیگمات و صاحبزادیاں ۲۔ آپ ﷺ کی گفتگو و خطاب کا طریقہ سیرت طیبہ کی روشنی میں، ☆مجلہ: ششماہی علوم اسلامیہ انٹرنیشنل عربی زبان و ادب نمبر (شمارہ ۶) تبصرہ فرائیڈے اسپیشل ۲۰ جون ۲۰۰۸ء تبصرہ نگار ملک نواز احمد اعوان، ☆مجلہ: ششماہی علوم اسلامیہ انٹرنیشنل شمارہ ۷ (سیرت النبی ﷺ نمبر)

## گوشہ علمی و تعلیمی خبریں 711-729

☆مغربی جرمنی کی [illegible] یونیورسٹی کا کارنامہ، ☆حضرت علیؓ کے تحریر شدہ نادر قرآنی نسخہ کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دریافت، ☆ کیا ہمارا مذہبی ذہن پسماندہ ہے؟ مفتی محمد نعیم کی جانب سے جیو T.V کے ایک سوال کا جواب، ☆ مدینہ منورہ میں قرآنیات پر سہ روزہ سیمینار ☆ شپ اونرز کالج میں سیرت النبی ؐ کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد، ☆ ٹاؤن ناظم لیاقت آباد کی والدہ کا انتقال ☆ عربی متن کے بغیر قرآن مجید کا ترجمہ شائع کرنے پر علماء کرام کا شدید ردِ عمل، ☆ قرآن کی بے حرمتی، ☆ ۲۰۰۰ میں خودکش حملے، ☆ پاکستانی عصری و مذہبی تعلیمی ادارے، ☆ حکیم سعید لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈز کی تقریب، ☆ مستحق طلبہ کو بلاسود قرضے دینے کا فیصلہ

## گوشہ علوم اسلامیہ انٹر نیشنل 729-733

☆ خط پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد سجاد، اوپن یونیورسٹی، ☆ خط مولانا عبدالقیوم حقانی ☆ خط ڈاکٹر خالد محمود سومرو سیٹر ☆ خط لطیف اللہ ☆ خط پروفیسر محمد اقبال جاوید ☆ خط علامہ عبدالرؤف فاروقی ☆ خط عبدالستار غوری

## گوشہ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی 733-737

☆ سندھ پبلک سروس کمیشن کے حوالہ سے تین توجہ طلب امور، ☆ پروفیسر ڈاکٹر سید عبدالعزیز صاحب ایکٹنگ ڈائریکٹر ہمدرد یونیورسٹی، ☆ گورنمنٹ کالجز کے اساتذہ کو یونیورسٹیز کے اساتذہ کی طرح اپ گریڈ کرنے کے اعلان پر عمل درآمد کی درخواست، ☆ مبارک باد جناب مولانا مفتی فیروز الدین ہزاروی صاحب

## گوشہ عربی

| | | |
|---|---|---|
| ۴۵۔ التفریط والافراط | الشیخ مفتی محمد نعیم | 738 |
| ۴۶۔ ہجرالقرآن | الدکتور صلاح الدین ثانی | 743 |

## گوشہ سندھی

| | | |
|---|---|---|
| ۴۷۔ عجائب القرآن | پروفیسر عبدالقادر چاچڑ | 751 |
| ۴۸۔ علامہ شبیر احمد عثمانی جو تفسیر عثمانی: | پروفیسر زرینہ قاضی | 767 |

## گوشہ انگلش

| | | |
|---|---|---|
| 49-Plants of the Noble Qur'an: | **Muhammad Fayyaz** | 7 |
| 50- Holy Pharmacy . | **Syeda Umm-e-Habiba** | 29 |
| 51-In the Light of Holy Quran and Sunnah Ban on Blood Letting (Massaerc) | | 50 |

Research by: **Prof. Dr. Salah-ud-din Sani**

Translation by : **Muhammad Bilal**

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# مذاکرہ

## بعنوان

## اکیسویں صدی میں قرآن وعلوم القرآن کے فروغ اور اس سے استفادہ میں کمپیوٹر کا حصہ

قارئین کرام جیسا کہ آپ کے علم میں ہے بہت سے افراد وادارے قرآن کریم پر اپنے اپنے طور سے مختلف النوع خدمات انجام دے رہے ھیں بے شمار ویب سائٹ اور سافٹ ویئر تیار ہو چکی ہیں ۔مختلف ڈکشنریز پروگرام تیار کیے جا رہے ہیں۔

اس مذاکرہ کے انعقاد کا مقصد ایسے افراد کے درمیان رابطہ قائم کرنا، باھم معلومات کا تبادلہ کرنا اور جو کام ہو چکا ہے اس کی روشنی میں مزید پیش قدمی کرنا اور ایسی کاوشوں کی نشر واشاعت کرنا ہے۔

لھذا گذارش ہے ایسے افراد واداروں کی نشاندھی کی جائے جو کسی بھی زاویہ سے اس پہلو پر کام کر رہے ہو تا کہ اس مذاکرہ میں انھیں بھی مدعو کیا جا سکے-----

پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# قارئین و محققین کیلئے مختصر تعارف

ششماہی انٹرنیشنل

# علوم اسلامیہ

اردو، عربی، انگریزی، سندھی

قیمت: 200 روپے، پاکستان میں ڈاک خرچ 25 روپے

حکومت پاکستان کی وزارت اطلاعات سے منظور شدہ و رجسٹرڈ ہے جلد ایچ ای سی اسلام آباد سے بھی منظور ہو جائے گا

امریکہ کے عالمی انٹرنیشنل ادارہ الرش پیریوڈیکل (AL-Rich's Periodicals) میں درج کر لیا گیا ہے اور ۲۰۰۷ء کی سپلیمنٹ ڈائریکٹری میں شائع ہو چکا ہے

اس کے علاوہ فرانس کے انٹرنیشنل سینٹر (International Centre) نے بھی بحیثیت "تحقیقی مجلہ" خصوصی نمبر ISSN 1994-2397 الاٹ کر دیا ہے۔ دنیا بھر میں اس مجلہ کا مفت مطالعہ کیا جاتا ہے۔ یونیورسٹیز و دینی جماعت کے محققین کے علمی مقالات مجلہ میں شائع ہوتے ہیں۔ سال میں دو شمارے شائع ہوتے ہیں پہلا شمارہ محرم تا جمادی الثانی مطابق فروری تا جولائی سیرت النبی نمبر ہوتا ہے دوسرا شمارہ رجب تا ذی الحج مطابق اگست تا جنوری جنرل موضوعات پر مشتمل ہوتا ہے اب تک پانچ شمارے شائع ہو چکے ہیں چھٹا زیر اشاعت ہے جس کی تفصیل یہ ہے

۱۔ ۲۰۰۵ء کا پہلا شمارہ سیرت النبی کا مذہبی رواداری نمبر تھا (۳۲۸ صفحات)

۲۔ ۲۰۰۵ء کا دوسرا شمارہ تعلیم و تحقیق نمبر تھا (۳۶۸ صفحات)

۳۔ ۲۰۰۶ء کا پہلا شمارہ سیرت النبی نمبر تھا (۵۹۲ صفحات)

۴۔ ۲۰۰۶ء کا دوسرا شمارہ شیخ الاسلام پاکستان علامہ شبیر احمد عثمانی" نمبر تھا (۳۶۴ صفحات)

۵۔ ۲۰۰۷ء کا پہلا شمارہ سیرت النبیؐ نمبر برغیر مسلموں کے حقوق اور ان سے حسن سلوک نمبر تھا (۴۲۰ صفحات)

۶۔ ۲۰۰۷ء کا دوسرا شمارہ عربی زبان و ادب نمبر ہے (۵۷۶ صفحات)

۷۔ ۲۰۰۸ء کا پہلا شمارہ سیرت النبیؐ نمبر ہے (۶۲۲ صفحات)

۸۔ ۲۰۰۸ء کا دوسرا شمارہ علوم القرآن پر مشتمل ہے۔

۹۔ ۲۰۰۹ء جنوری تا جون پہلا شمارہ سیرت النبیؐ پر مشتمل ہوگا (نومبر ۲۰۰۸ء تک ارسال کردہ مضامین شامل اشاعت ہو سکتے ہیں) مجلہ میں ترجیحی طور پر صرف وہ مضامین شائع کئے جاتے ہیں جو اصول تحقیق کے مطابق مکمل حوالہ جات کے ساتھ ہوں

خط و کتابت کیلئے ہیڈ آفس: مکان نمبر 162 سیکٹر L/8 اورنگی ٹاؤن کراچی فون: 03002664793

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


# اسکیم برائے تبادلہ مجلّہ واشتہار

بے شمار خطوط مجلّہ کے اعزازی اجراء کے سلسلہ میں موصول ہوتے ہیں جس کی تعمیل ممکن نہیں ہوتی اس لئے کہ یہ مجلّہ بہت ضخیم ہوتا ہے جس پر کافی اخراجات ذاتی تنخواہ سے ادا کئے جاتے ہیں

لہٰذا مجلّہ حاصل کرنے کی ایک صورت یہ ہے کہ آپ اپنا مجلّہ جاری کر دیں ہم تبادلہ میں اپنا مجلّہ ارسال کریں گے

دوسری صورت تبادلہ اشتہار کی ہے

آپ ہمارے مجلّہ میں موجود ''مختصر تعارف علوم اسلامیہ'' کا اشتہار اپنے مجلّہ میں شایع کر دیں اور اس کی ایک کاپی ہمیں ریکارڈ کیلئے ارسال فرمادیں ہم بھی آپ کے ارسال کردہ مجلّہ کا اشتہار (بلیک اینڈ وائٹ) بلا معاوضہ اپنے مجلّہ میں شائع کر دیں گے۔

واضح رہے ہمارا مجلّہ ویب سائٹ پر بھی جاری کیا جاتا ہے اور دنیا بھر میں مفت مطالعہ کیا جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com